SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

October 1, 2018

***For immediate release***

## یکم اکتوبر سے ورلڈ انوسٹر ویک کا آغاز؛ ایس ای سی پی مختلف تقریبات منعقد کرے گا

اسلام آباد (یکم اکتوبر) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے سکیورٹیز ریگولیٹرز کی عالمی تنظیم (آئی او ایس سی او) کے ساتھ مل کر سرمایہ کاروں کا عالمی ہفتہ کا آغاز کر دیا ہے۔ ورلڈ انوسٹر ویک یکم سے سات اکتوبر تک جاری رہے گا۔

آئی او ایس سی او کا رکن ہونے کی حیثیت میں ورلڈ انوسٹر ویک کے دوران ایس ای سی پی سرمایہ کاروں کی آگہی اور تحفظ کے لئے دیگر کارپوریٹ اداروں کے ساتھ مل کر مختلف سرگرمیاں منعقد کرتا ہے۔ اس سال بھی سرمایہ کاروں کے ہفتہ کے دوران سرمایہ کاروں اور خاص طور پر نوجوانوں میں بچتوں کی اہمیت، سرمایہ کاری اور مالیاتی منصوبہ بندی کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لئے کراچی، لاہور، اسلام آباد، پشاور، گلگت، سکردو اور خضدار میں آگہی سیمینار منعقد کئے جائیں گے۔

ورلڈ انویسٹر ویک کا اہم مقصد سرمایہ کاروں کی آگہی اور تحفظ کے لئے چلائی جانے والی آگہی مہم اور ایسے پروگرام کی اہمیت کو نمایاں کرنا ہے اور ٹیکنالوجی کے استعمال سے اسے زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچانا ہے۔ اس سال بھی سرمایہ کاروں کے ہفتہ کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے، ایس ای سی پی نے سرمایہ کاروں کی آگہی کے لئے پروگرام ترتیب دئے ہیں جنکا تسلسل پورا سال جاری رکھا جائے گا۔

گزشتہ سال بھی عالمی ہفتۂ سرمایہ کار کے دوران ایس ای سی پی کی سرگرمیوں کا محور سرمایہ کار ہی تھے اور پورا ہفتہ ورکشاپس، کانفرنسوں اور مقامی و قومی سطح پر باقاعدہ مہم چلا کر باخبر سرمایہ کاری کی اہمیت پر زور دیا گیا تھا۔

آئی او سکو بورڈ کی چیئر پرسن اور ہانگ کانگ سکیورٹیز و فیوچرز کمیشن کی چیف ایگزیکٹو آفیسر ایشلے ایلڈر نے اس موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ تنظیم کی جانب سے منایا جانے والے عالمی ہفتۂ سرمایہ کار نہ صرف سرمایہ کاروں میں آگہی کے فروغ، ان کے تحفظ اور مالیاتی خواندگی کی اہمیت کو اجاگر کیا جاتا ہے اور مارکیٹ کے تمام شرکاء تک اہم پیغامات پہنچانے کا ذریعہ ہے۔ اس ہفتہ میں رکن ممالک مارکیٹ کے فروغ اور تحفظ کے لئے کئے جانے والے نئے اقدامات کے حوالے سے ایک دوسرے سے تعاون کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔